Australian Government
Department of Home Affairs

کووڈ-19 کی جانچ اورعلاج

اگر آپ کے پاس ویزا نہ بھی ہو، یا آپ اپنے ویزا کے درجے کے بارے میں بے یقین ہیں، تب بھی آپ کو صحت عامہ کی ہدایات پر لازماً عمل کرنا چاہئے۔ اگر آپ کو اپنی طبیعت ناساز لگتی ہے، تو طبی امداد حاصل کریں اور کووڈ- 19 کے لئے ٹیسٹ کروائیں۔

ریاستی اورعلاقائی حکومتیں کووڈ -19 کے مفت ٹیسٹ اورعلاج کی پیشکش کررہی ہیں۔

- آسٹریلیا کے دارالحکومت کاعلاقہ
- نیوساؤتھ ویلز
- شمالی خطہ
- کوئنز لینڈ
- جنوبی آسٹریلیا
- تسمانیہ
- وکٹوریہ
- مغربی آسٹریلیا

میرے پاس عارضی ویزا ہے

میرے پاس عارضی ویزا اے، بی یا سی ہے

اگر اِس وقت آپ کے پاس عارضی ویزا A، B یا C ہے، تو آپ کے ویزا کی موجودہ درخواست یا نظرثانی کئے جانے کےعمل کی کارروائی کے دوران آپ کو آسٹریلیا میں قیام کی اجازت ہوگی۔ تاہم، اگر آپ سے متعلق امیگریشن کا کوئی فیصلہ یا نظر ثانی کی درخواست زیر التواء نہیں ہے تو آپ آسٹریلیا چھوڑکرنہیں جاسکتے، تو خود کو قانون کے مطابق رکھنے کے لیے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینی چاہئے۔

اگر آپ عارضی ویزا A یا C رکھتے ہیں اورآپ آسٹریلیا چھوڑکرچلے جاتے ہیں، تو آپ کا عارضی ویزا A یا C ختم ہوجائے گا۔ اگر آپ مستقبل میں آسٹریلیا واپس لوٹنا چاہتے ہیں، تو واپس آنے کی اجازت کے لئے آپ کو دوسرے ویزے کی درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔ عارضی ویزا A کے حامل افراد آسٹریلیا چھوڑنے سے پہلے عارضی ویزا B کے لئے درخواست دینے پرغورکرسکتے ہیں۔

- عارضی ویزا B کی درخواستوں پر کارروائی کی جارہی ہے۔ تاہم،عارضی ویزا B حامل افراد کو سفری پابندیاں ختم ہونے تک یا کوئی استثناء یا چھوٹ حاصل ہونے تک آسٹریلیا میں داخل ہونے سے روک دیا جائے گا۔ سفری پابندیوں اورچھوٹ سے متعلق مزید معلومات کے لیے، آسٹریلیا آمد ملاحظہ کریں۔

میرے پاس عارضی ویزا E ہے

عارضی ویزا E رکھنےسے آپ کوآسٹریلیا میں قیام کی اجازت ہو گی جب کہ آپ نے:

- آسٹریلیا سے روانہ ہونے کا بندوبست کرنا

- امیگریشن فیصلے کا انتظار کرنا۔

اگر آپ کا غیر قانونی ہوچکے ہیں اور دوسرے ویزوں کے لئے درخواست نہیں دے سکتے ہیں، تو جس قدرجلد ممکن ہو عارضی ویزاE کے لئے درخواست دینے سے آپ کو آسٹریلیا میں قانونی حیثیت مل جائے گی تاکہ آپ جتنی جلدی ممکن ہو آسٹریلیا سے جانے کے انتظامات کرسکیں۔

اگر آپ عارضی ویزا E رکھتے ہیں لیکن اس کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ آسٹریلیا سے روانہ نہیں ہوسکے، تو آپ کو اپنی قانونی حثیت برقراررکھنے کے لئے دوسرے عارضی ویزا E کی درخواست دینا ہوگی۔

- آپ ImmiAccount کے ذریعہ آن لائن درخواست دے سکتے ہیں
- اگر آپ کو ImmiAccount کی رسائی حاصل نہیں ہے، تو آپ درخواست فارم کو بذریعہ ڈاک بھیج سکتے ہیں (Form 1008 – Application for a Bridging visa E – subclass 050)

ایسے افراد جو آسٹریلیا سے بغیر شہریت کے غیر قانونی حثییت سے چلے جاتے ہیں یا جوعارضی ویزا D، E یا F کے حامل افراد کے طور پر جاتے ہیں، تو آپ کو کچھ عرصہ کے لئے آسٹریلیا واپس آنے سے روکا جاسکتا ہے اور اس سے مستقبل میں ویزا کی درخواستوں پر اثر پڑ سکتا ہے:

- دوبارہ داخلے کی پابندیوں سے متعلق مزید معلومات درج ذیل پردستیاب ہیں: دوبارہ داخلے کی پابندی

عارضی ویزا پر کام کرنا

آپ کے عارضی ویزا کی شرائط کی بنیاد پرآپ کوآسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ آپ اسے درج ذیل طریقے سےجانچ سکتے ہیں:

- VEVO سروس کا استعمال کرکے، یا
- اپنے ImmiAccount کے ذریعہ اپنی ویزہ شرائط معلوم کر کے۔

اگر اپنےعارضی ویزا سے آپ کو کام کرنے اجازت نہیں ملتی، یا کام کرنے پر پابندی ہے، تو آپ کسی ایسے دوسرے عارضی ویزا کے لئے درخواست دے سکتے ہیں جس سے آپ کو کام کرنے کی اجازت مل سکتی ہے۔ یہ سہولت صرف چند صورتوں میں میسّر ہے اورآپ کوعمومی پریہ ظاہر کرنا ہو گا کہ آپ کو مالی دُشواری کا سامنا ہے۔

اگر آپ کام کرنے کی شرائط پوری نہیں کرتے ہیں، تو پھر بھی آپ عارضی ویزا کے اہل ہیں، تو ہم آپ کو اُنہی شَرائط کے ساتھ نیاعارضی ویزاجاری کریں گےجو آپ کے پچھلےعارضی ویزا پرعائد تھیں۔

عارضی ویزوں مُدت ختم ہونا

اگر آپ کے ویزے کی مُدت ختم ہونے والی ہے تو آپ کو جلد سے جلد اپنے آبائی وطن واپسی پر غور کرنا چاہئے اگر آپ ایسا کرنے کے قابل ہیں، اور خاص طور پر اگر آپ کواپنےخاندان کی مدد حاصل نہیں ہے۔

عارضی ویزا کے حامل ایسے افراد کو جو اگلے چھ ماہ کے اپنے قیام میں خود اپنی مدد نہیں کرسکتے، انہیں اپنے وطن واپس لوٹ جانے اور جلد از جلد واپسی کے انتظامات کرنے کا پُرزورمشورہ دیا جاتا ہے۔

اگر آپ آسٹریلیا سے روانہ نہیں ہوسکے، تو یہ آپ کے لئےضروری ہوگا کہ اپنے پاس قانونی یا دُرست ویزا رکھیں۔ سفری پابندیاں ختم ہونے پرآسٹریلیا سے آپ کی روانگی کی توقع کی جائے گی۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: آپ کے ویزے کی میعاد ختم ہورہی ہے یا ختم ہوچکی ہے

اگر آپ آسٹریلیا سے باہر ہیں اور اپنے ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آسٹریلیا میں داخل نہیں ہو سکے ، اگر آپ آسٹریلیا کا سفرکرنا چاہتےہیں تو اس صورت میں آ پ کے لئے نئے ویزا کے لیے درخواست دینا اور اسے حاصل کرنا ضروری ہوگا۔

ویزا کی میعاد میں توسیع کرنا ممکن نہیں ہے۔ آپ کے آسٹریلیا سے باہر رہتے ہوئے عارضی ویزا B (BVB) کے لیے درست درخواست دینا بھی ممکن نہیں ہے، یا آسٹریلیا سے باہر رہتے ہوئے BVB حاصل کرنا ممکن نہیں ہے۔

معاون خدمات

اگر آپ اپنے ویزا کے درجےکا مسئلہ حل نہیں کرسکے، تو محکمہ برائے امور داخلہ کی اسٹیٹس ریزولیوشن سروس (SRS) آپ کی مدد کرسکتا ہے ۔

مزید معلومات درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں: اسٹیٹس ریزولیوشن سروس

SRS افسران آپ کے ویزا کے انتخاب کی وضاحت کرسکتے ہیں اور آپ کو بھی بتاسکتے ہیں کہ آپ فی الحال جو فیصلے کرتے ہیں وہ آپ کے انخاب پر بعد میں کس طرح اثرانداز ہوسکتے ہیں۔ وہ آسٹریلیا سے آپ کی روانگی کا منصوبہ بنانے میں آپ کی مدد کرسکتے ہیں، اور ضرورت پڑنے پر آپ کو دیگر خدمات کا حوالہ دے سکتے ہیں۔

مخصوص غیر معمولی حالات میں، محکمہ کی اسٹیٹس ریزولیوشن سروس آسٹریلیا سے روانہ ہونے کے خواہاں اہل افراد کی مدد کر سکتی ہے۔ محکمہ داخلہ اپنے روانگی میں تعاون کے پروگرام کی سہولت فراہم کرنے کے لیے عالمی تنظیم ہجرت (IOM) اور سرکو (Homeward) کے ساتھ واپس آنے میں مدد گارخدمات فراہم کنندگان کی حیثیت سے معاہدہ طے پایا ہے۔

واپسی میں تعاون حاصل کرنےکے اہل افراد کو درج ذیل میں سے ایک، یا کوئی امداد کا مجموعہ فراہم ہوسکتا ہے، ان میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

- آزادانہ واپسی سے متعلق مشاورت
- ہوائی جہاز کا ٹکٹ
- سفری دستاویزات حاصل کرنے میں مدد
- واپسی کے ملک میں استقبالیہ پر تعاون
- حتمی منزل تک سفر کرنے میں تعاون۔

واپسی کی امداد کے مستحق قرار پانے کے لیے، آپ کو لازمی طور پر درج ذیل حیثیت میں ہونا چاہئے:

- شہریت یافتہ نہ ہو
- آسٹریلیا میں دوبارہ داخل ہونے کا اہل بنانے والا ویزا نہ رکھتے ہوں
- رضاکارانہ طور پراصل آبائی مُلک یا کسی ایسے مُلک میں واپس جانے کا انتخاب کریں جہاں آپ کو داخل ہونے اور قیام کرنے کا حق حاصل ہو
- یہ ظاہر کرتے ہوں کہ آپ اپنی واپسی کے لیے از خود فنڈ مہیا کرنے سے قاصر ہیں۔

مزید معلومات اس لنک پردستیاب ہیں: روانگی کی مدد

اسٹیٹس ریزولیوشن سپورٹ سروس (SRSS) کچھ ایسے غیر شہریت یافتہ لوگوں کو اپنی امیگریشن حیثیت کا فیصلہ کیے جانے کے دوران مدد فراہم کرتی ہے جو عارضی طورپر آسٹریلین کمیونٹی میں موجود ہیں۔ SRSS پروگرام ان افراد کو قلیل مدتی، مربوط مدد فراہم کرتا ہے جو اپنی امیگریشن حیثیت حل کرنے کے لئے محکمہ امور داخلہ کے ساتھ تعامل کرنے کے دوران اپنی کفالت کرنے سے قاصر ہیں۔ اس کی کوئی مسلسل جاری رہنے والے بہبودی حثییت نہیں ہے۔

عارضی ویزا پر کام کرنے کا حق رکھنے والے افراد، اوروہ افراد جو کام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ان سے اپنی امیگریشن حیثیت کے حل کیے جانے تک اپنی کفالت خود کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔

کووڈ-19 مُدت کے دوران، SRSS کے تحت تعاون کی درخواستوں کا فرداً فرداً تجزیہ کیا جائے گا۔

مزید معلومات لنک پردستیاب ہیں: اسٹیٹس ریزولیوشن سپورٹ سروس